THE
SENATE OF PAKISTAN
DEBATES

OFFICIAL REPORT

Tuesday, June 12, 2012
(82^{nd} Session)
Volume VI No. 08
(Nos.01-08)

CONTENTS

		Pages
1.	Recitation from the Holy Quran ………………………..	1
2.	Leave of Absence ………...…………………………….	2
3	Presentation of Report: Federal Accounts for Financial Year 2010-2011 ……………………………………...	3
4	Point of Order: Law and Order Situation in Karachi..….	3-4
5	Further Discussion on Budget, 2012-13……...………...	5-22
6	Presentation of Report in Respect of the Finance Bill and Annual Budget Statement, 2012…. ……………..…	23-30

Printed and Published by the Senate Secretariat, Islamabad.

Volume VI **No. 08** **SP.VI(08)/2012** **15**

SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Tuesday, June 12, 2012

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at fifty seven minutes past five in the evening with Mr. Chairman (Syed Nayyer Hussain Bokhari) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

اَعُوْذُبِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔

یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ جَآءَکُمْ فَاسِقٌۢ بِنَبَاٍ فَتَبَیَّنُوْٓا اَنْ تُصِیْبُوْا قَوْمًۢا بِجَھَالَۃٍ

فَتُصْبِحُوْا عَلٰی مَا فَعَلْتُمْ نٰدِمِیْنَ۔ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ فِیْکُمْ رَسُوْلَ اللّٰہِ ط لَوْ یُطِیْعُکُمْ فِیْ کَثِیْرٍ

مِّنَ الْاَمْرِ لَعَنِتُّمْ وَلٰکِنَّ اللّٰہَ حَبَّبَ اِلَیْکُمُ الْاِیْمَانَ وَزَیَّنَہٗ فِیْ قُلُوْبِکُمْ وَکَرَّہَ اِلَیْکُمُ

الْکُفْرَ وَالْفُسُوْقَ وَالْعِصْیَانَ ط اُولٰٓئِکَ ھُمُ الرّٰشِدُوْنَ۔ فَضْلًا مِّنَ اللّٰہِ وَنِعْمَۃً ط وَاللّٰہُ

عَلِیْمٌ حَکِیْمٌ۔

ترجمہ: اے ایمان والو اگر کوئی فاسق تمہارے پاس کوئی سی خبر لے کر آئے تو اس کی تحقیق کیا کرو کہ کہیں کسی قوم پر بے خبری سے نہ جا پڑو پھر اپنے کئے پر پشیمان ہونے لگو اور جان لو کہ تم میں اللہ کا رسول موجود ہے اگر وہ بہت سی باتوں میں تمہارا کہا مانے تو تم پر مشکل پڑ جائے لیکن اللہ نے تمہارے دلوں میں ایمان کی محبت ڈال دی ہے اور اس کو تمہارے دلوں میں اچھا کر دکھایا ہے اور تمہارے دل میں کفر اور گناہ اور نافرمانی کی نفرت ڈال دی ہے یہی لوگ ہدایت یافتہ ہیں اللہ کے فضل اور احسان سے اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے۔

(سورۃ الحجرات آیات: 6تا8)

Leave of Absence

Mr. Chairman: *Bismiallah-ir-Rehman-ir-Raheem.* Now, we take leave applications.

مولانا محمد خان شیرانی صاحب نے ذاتی مصروفیات کی بنا پر مورخہ 11 تا 17 جون کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: حاجی سیف اللہ خان بنگش صاحب ناسازی طبیعت کی بنا پر مورخہ 11 جون کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے تھے۔ اس لیے انہوں نے اس تاریخ کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: ملک محمد رفیق رجوانا صاحب ذاتی مصروفیات کی بنا پر مورخہ 6 تا 8 جون کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے تھے۔ اس لیے انہوں نے ان تاریخوں کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: جناب فرحت اللہ بابر صاحب ملک سے باہر ہونے کی بنا پر مورخہ 4 تا 8 جون کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے تھے۔ اس لیے انہوں نے ان تاریخوں کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: جناب محمد کاظم خان صاحب ذاتی مصروفیات کی بنا پر مورخہ 11 جون کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے تھے۔ اس لیے انہوں نے اس تاریخ کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: سردار ذوالفقار علی خان کھوسہ صاحب ذاتی مصروفیات کی بنا پر مورخہ 2 تا 11 جون کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے تھے۔ اس لیے انہوں نے ان تاریخوں کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: جناب مشاہد اللہ خان صاحب ملک سے باہر ہونے کی بنا پر مورخہ 11 تا 15 جون کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکیں گے۔ اس لیے انہوں نے ان تاریخوں کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

Mr. Chairman: Now, we may take up Item No.2. Yes, Bader *sahib.*

Presentation of Report: Federal Accounts for Financial Year 2010−2011

Senator Muhammad Jahangir Bader (Leader of the House): Mr. Chairman, I beg to lay before the Senate the Federal Accounts for the Financial Year 2010−2011 and the reports of Auditor General thereon for the Audit Year 2011−2012 as required under Article 171 of the Constitution.

Mr. Chairman: Report stands laid. Yes, Col. *sahib*.

Point of Order: Law and Order Situation in Karachi

Senator Col. (R) Syed Tahir Hussain Mashhadi: Sir, I want to say something and just one minute and not more than one minute.

جناب والا! کل کراچی میں 13 لاشیں گرائی گئیں، 13 شریف اور بے قصور لوگوں کو قتل کیا گیا۔ آج پھر اسی طرح قتل عام ہو رہا ہے اور ہماری پارٹی ایم کیو ایم کے ایک سابق ایم پی اے کے دو بھائیوں کو بے دردی سے قتل کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ تاجروں کو kidnapping for ransom اٹھایا جا رہا

ہے اور بھتا خوری ہو رہی ہے۔ پولیس اور رینجرز ان criminals کی مدد کر رہے ہیں اور ان کو protection دے رہے ہیں۔ پورے پاکستان نے دیکھا ہے کہ جن کے پاس machine guns ہیں، anti-aircraft guns ہیں، rocket launchers ہیں، وہ کراچی پر یہ ظلم کر رہے ہیں اور ہماری حکومت سو رہی ہے۔ جب روم جل رہا تھا تو ایک نیرو بانسری بجا رہا تھا۔ آج ہمارے 80 وزراء بانسری بجا رہے ہیں اور خاص طور پر ہمارے وزیر داخلہ صاحب۔ ہم چاہتے ہیں کہ وزیر داخلہ صاحب اس ایوان میں آئیں اور ہمیں تسلی دیں اور ہمیں آ کر بتائیں کہ کب یہ قتل عام رکے گا، کب یہ genocide رکے گی، کب ہمارے کراچی کی حالت بہتر ہو گی۔ ہمارے کراچی کی حالت بگڑ گئی ہے اور ہماری industry, trade, commerce ہر چیز ختم ہو گئی ہے۔ ایسا نہیں ہے کہ کسی کو پتا نہیں ہے کہ یہ کون لوگ ہیں جو حالات خراب کر رہے ہیں۔ یہ کراچی کی لاشیں ہیں، یہ پاکستان کی لاشیں ہیں، یہ پاکستانی ہیں، یہ پاکستانی خون ہے اور ان کی فکر اگر یہ حکومت نہیں کرے گی تو کون کرے گا۔ جب تک وزیر داخلہ یہاں آ کر مجھے تسلی نہیں دیتے، جب تک ہماری پارٹی کو نہیں بتاتے اور اس ایوان کو نہیں بتاتے کہ کب یہ پولیس اور رینجرز ان کو support کرنا بند کریں گے اور کب حکومت criminals کے خلاف action لے گی اور اس وقت تک میں ایوان سے واک آؤٹ کرتا ہوں اور احتجاج کرتا ہوں۔ لہذا میں انتظار کروں گا کہ ہمارے وزیر داخلہ on the floor of the House بیان دیں اس سلسلے میں کہ یہ ظلم کیسا ہے۔ شکریہ۔

(اس موقع پر سینیٹر کرنل (ر) سید طاہر حسین مشہدی صاحب اور سینیٹر شیر الہ ملک صاحبہ نے ایوان سے واک آؤٹ کیا)

جناب چیئرمین: کرنل صاحب! گزارش یہ ہے کہ، give the opportunity to the Government and you are part of the Government. قائد ایوان صاحب وزیر داخلہ صاحب سے بات کریں گے اور اگر آپ مطمئن نہ ہوئے تو پھر آپ بے شک واک آؤٹ کریں۔ بہرحال قائد ایوان صاحب آپ ذرا اس معاملے کو دیکھ لیں۔

Senator Muhammad Jahangir Bader: Mr. Chairman, I assure the honourable member that the Interior Minister will come and he will satisfy him and the others and I will also ask the Minister to see him personally.

Further Discussion on Budget 2012-13

Mr. Chairman: Thank you. Now, we take up Item No.3. We may now resume consideration of the following motion moved by Dr. Abdul Hafeez Shaikh, Minister for Finance, Revenue, Planning and Development, Economic Affairs and Statistics, on 1st June, 2012:

> "That the Senate may make recommendations to the National Assembly on the Finance Bill, 2012, containing the Annual Budget Statement, under Article 73 of the Constitution."

Now, I give the floor to Mrs. Farah Aqil *sahiba.*

سینیٹر فرح عاقل: شکریہ جناب چیئرمین! جیسا کہ ہم سب جانتے ہیں کہ یہ بجٹ جو پیپلز پارٹی کی حکومت کا پانچواں بجٹ ہے یہ بہت نامساعد حالات میں پیش کیا گیا ہے۔ جیسے حفیظ شیخ صاحب نے بھی اپنی تقریر میں کہا، انہوں نے ساری shortcomings کا اظہار کیا کہ جو جو چیزیں انہیں ورثے میں ملیں اس کو بے شک ہم سب مانتے ہیں کہ وہ سب سچ ہے، یہ کام ان کے لیے آسان نہیں تھا، جیسے ہمارے سامنے بجلی کا بحران، گیس کی قلت، قدرتی آفات، مہنگائی، بے روزگاری اور سب سے اہم امن و امان کی صورت حال ہے۔ میں ان سب کو مانتی ہوں لیکن پھر بھی ایک بات on the floor of the House کہنا چاہتی ہوں کہ اگر sincerity ہو اور اگر واقعی کام کرنا چاہتے تو چار سال کافی تھے۔ وزیراعظم صاحب نے اپنی پہلی تقریر میں کہا تھا کہ بجلی کے بحران کو وہ کسی حد تک قابو کر لیں گے بلکہ ان کی جو 2008-09 کی تقریر تھی اس میں انہوں نے کہا کہ اس سال کے آخر میں ہم اس طرح کے اقدامات کریں گے کہ لوڈشیڈنگ کافی حد تک کم ہو جائے گی۔ افسوس یہ کہ دیکھنے میں آیا کہ ایسا کچھ نہیں ہوا بلکہ جو crisis تھا وہ دن بدن بڑھتا گیا۔

(اس مرحلے پر ایم کیو ایم کے اراکین ہاؤس میں واپس آئے)

سینیٹر فرح عاقل: جناب والا! میں یہ کہنا چاہتی ہوں کہ صرف بیان بازی کی حد تک آپ کہہ دیں، ہم اس طرح کریں گے، ہم یہ کر رہے ہیں، ہم اتنا mandate لے کر آئے ہیں، ہم عوامی لوگ

ہیں اور عوام کی خدمت کے لیے آئے ہیں، اگر آپ کے اقدامات ویسے نہیں ہیں جیسے لوگوں کی expectation ہے تو پھر لوگوں میں بہت زیادہ trust deficit قائم ہو جاتا ہے۔

جناب چیئرمین! شیخ صاحب نے اپنی تقریر میں کہا کہ انہوں نے بجلی پر، چینی پر subsidy دی ہے ٹھیک ہے، دی ہوگی وہ ایسے ہی ہے اس سے کوئی خاص فرق نہیں پڑ رہا۔ اس کے بعد انہوں نے جو point out کیا کہ ہم poverty alleviation کے بارے میں کام کر رہے ہیں۔ انہوں نے بے نظیر سپورٹ پروگرام کی بات کی، انہوں نے بیت المال اور دوسرے پراجیکٹس کی بات کی۔ جناب والا! میں یہاں پر ایک چھوٹا سا پوائنٹ کہنا چاہوں گی کہ میں نے شاید اپنی پچھلی تقریر میں کہا تھا کہ یہ جو بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام ہے یہ اصل میں support نہیں ہے، ایک چیز تو یہ ہے کہ یہ پورا پروگرام transparent نہیں ہے، اس میں کئی سالوں سے ہم نوٹ کر رہے ہیں کہ ہمارے صوبے میں اس میں بہت گھپلے ہو رہے ہیں۔ ایسے لوگوں کو پیسا مل رہا ہے جو اس کے اہل نہیں ہیں۔ انہوں نے پتا نہیں کیا طریقہ کار بنایا ہوا ہے جس کے تحت بہت سے ایسے لوگ جو حق دار نہیں ہیں ان کو پیسے مل رہے ہیں۔ یہاں پر یہ کہا گیا تھا کہ جو خاتون خانہ ہوگی اس کے ہاتھ میں دیا جائے گا۔ جناب والا! میری ایک suggestion ہے کہ بجائے ایک ہزار روپیہ دینے کے، لوگوں کو dependency کی طرف لانے کے آپ لوگوں کو independent بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم خواتین کو empower کر رہے ہیں۔ مجھے سمجھ نہیں آتی کہ اس طریقے سے آپ خواتین کو کون سی empowerment دے رہے ہیں۔ اگر آپ نے عورتوں کو empower کرنا ہے تو ان کی تعلیم پر، ان کی صحت پر توجہ دیں، ان کو باشعور بنائیں، ان کو خودمختار بنائیں، empower کرنے کا طریقہ ہے اگر آپ نے واقعی کچھ کرنا ہے تو ان سارے گھروں میں سلائی مشینیں ہی دے دیں تاکہ خواتین گھر بیٹھے روزگار کما سکیں بجائے اس کے کہ وہ ہزار روپے کو دیکھیں اور مجھے نہیں لگتا کہ اس مہنگائی کے دور میں اتنی بڑی رقم ہے۔ آپ ان لوگوں کو ایک طریقے سے بھکاری بنا رہے ہیں۔ میں سمجھتی ہوں کہ اس سے dependency زیادہ ہوتی ہے۔ آپ کے بیانات میں تضادات آ رہے ہیں کہ ہم اس طرح کرنا چاہتے ہیں لیکن عمل اس کے بالکل برعکس جا رہا ہے۔

جناب والا! انہوں نے بات کی کہ ہم ایک لاکھ نوجوانوں کو jobs دیں گے۔ اچھی بات ہے، internship کی بات کی، ایم اے کی، بی اے کی بات کی لیکن تھوڑی سی سوچ کی بات ہے کہ یہ تو بتایا جائے کہ وہ jobs ملتی کیسے ہیں۔ ایک عام لڑکا جو کہ بے شک deserving ہوگا، اس کے پاس

ڈگری بھی ہو گی، وہ تعلیم یافتہ بھی ہو گا، چلیں وہ کسی طرح سے internship پوری کر بھی لیتا ہے، کسی بنک میں تو آپ کو پتا ہے ہمارے ہاں کیا ہو رہا ہے، یہاں تو نوکریاں بغیر سفارش کے، بغیر رشوت کے ملتی ہی نہیں۔ یہ کون سی نوکریوں کی بات کر رہے ہیں؟ اس کا بتائیں کہ طریقہ کار کیا ہو گا۔ میرے ساتھ کافی سینیٹر صاحبان agree کریں گے کہ SMS آرہے ہوتے ہیں۔ کبھی سندھ سے، کبھی بلوچستان سے، میرے اپنے صوبے سے، ہمارے نمبر تو ان کو مل جاتے ہیں وہ SMS بھیجتے ہیں، اپنی مجبوریاں بتاتے ہیں کہ میڈم ہم afford نہیں کر سکتے، ایک چھوٹی سی نوکری کے لیے بھی لاکھ، ڈیڑھ لاکھ روپے بطور رشوت مانگے جا رہے ہیں۔ جناب والا! یہ باتیں سوچنے والی ہیں کہ ہر سال اسی ہزار کے قریب نوجوان گریجویٹ بن کر نکل رہے ہیں، اسی حساب سے ڈاکٹرز اور انجینیئرز بھی اسی تعداد میں ہر سال نئے بن رہے ہیں مگر ان کو کہاں کھپایا جائے۔ جناب والا! کچھ ایسا کریں کہ وہ dependent نہ ہوں، اور یہ نہ سوچیں کہ ہم کہاں سے سفارش لائیں، کہاں سے رشوت لائیں تاکہ ہمیں نوکریاں مل جائیں۔

جناب والا! ایک اور چیز جس پر میں بات کرنا چاہوں گی وہ یہ ہے کہ سرکاری ملازمین اور پنشنرز کی تنخواہوں میں اضافہ ہو گیا۔ جناب والا! اس اضافے سے کیا بنتا ہے جب کہ مہنگائی کا طوفان out of control ہو رہا ہے۔ مجھے نہیں لگتا کہ آپ نے تنخواہوں میں جو دو تین ہزار روپے کی بڑھوتی کی ہے یہ تو میرے خیال میں صرف الیکشن کے لیے ایک لارا ہے۔ لوگوں کی بھلائی کا مستقل کام کریں۔ صرف وقتی طور پر نہ کریں۔ ہمارے ہاں دیکھا یہ گیا ہے کہ مسائل کو سطحی level پر دیکھا جاتا ہے ان کی root cause میں کوئی نہیں جاتا۔ مسائل کی جڑ کی طرف کوئی نہیں جاتا کہ نیچے تک جا کر دیکھے کہ مسئلہ کہاں ہے۔

جناب والا! law and order کے حالات کیوں ٹھیک نہیں ہو رہے۔ کراچی میں، بلوچستان میں اور ہمارے صوبے میں بھی، شکر الحمدللہ ادھر تو اس طرح کی killing نہیں ہو رہی اور لوگ اتنے disappear نہیں ہو رہے جتنے بلوچستان اور کراچی میں ہو رہے ہیں۔ مجھے تو یہ سمجھ نہیں آتی کہ ہر پارٹی یہاں پر کھڑی ہو کر اس بات کا دعویٰ کرتی ہے کہ ہم میں سے اس میں کوئی ملوث نہیں ہے تو مجھے سمجھ نہیں آتی کہ فرشتے اوپر سے اتر رہے ہیں یا کوئی جن بھوت ہیں جو یہ کام کر رہے ہیں۔ کون لوگ ہیں؟ جب کہ یہاں پر ہر پارٹی یہ دعویٰ کرتی ہے کہ ہم اس میں ملوث نہیں ہیں۔ ہم اس کی شدید مذمت کرتے ہیں، ہم اس کی شدید مخالفت کرتے ہیں، اس طرح نہیں ہونا چاہیے مگر پھر بھی ہم دیکھتے ہیں کہ کچھ

کنٹرول میں نہیں آرہا۔ سوچنے کی بات ہے کہ کر کون رہا ہے؟ کون لوگ ہیں، اگر ہم نہیں ہیں، آپ نہیں ہیں، کوئی پارٹی نہیں ہے، ہر پارٹی چاہتی ہے کہ اس قسم کا ماحول نہ بنے تو پھر یہ ہو کیسے رہا ہے؟ اس کو کنٹرول کیوں نہیں کیا جاسکتا؟

جناب والا! آخر میں، میں ایک بات زور دے کر کہنا چاہوں گی کہ ہمیں اپنی خارجہ پالیسی کو revisit کرنے کی ضرورت ہے۔ ہم نے دیکھا کہ پچھلے دنوں ہیلری کلنٹن انڈیا میں آئی ہوئی تھی اور انہوں نے وہاں سے کچھ عجیب و غریب قسم کے بیانات پاکستان کے بارے میں دیے جو کہ بہت افسوسناک ہیں حالانکہ ہم ان کے allies ہیں۔ ہم نے اپنی سر توڑ کوشش کی ہے کہ ان کی good books میں آجائیں مگر ہمارا کوئی بھی اقدام ان کے لیے satisfactory نہیں ہوتا۔ انڈیا میں بیٹھ کر وہ ہمیں بتا رہی ہیں کہ پاکستان کو ایران کے ساتھ اپنے تعلقات ختم کرنے چاہیئیں۔ ابھی ہم نے دیکھا کہ USAID کے یہاں پر بجلی کے، سکول کے کافی پروگرام شروع ہوگئے ہیں۔ وہ ہمیں بجلی کی پیداوار میں سپورٹ کر رہے ہیں، وہ ہمارے سکولوں کو بڑھا رہے ہیں۔ ہمیں دیکھنا یہ ہوگا کہ ایک طرف وہ ہماری مدد کر رہے ہیں اور دوسری طرف continuously drone attacks کر رہے ہیں۔ کیا یہ تضاد نہیں ہے؟ کیا یہ منافقت نہیں ہے؟ ہم نے resolution پیش کی انہوں نے کہہ دیا کہ ہم کچھ نہیں کر سکتے، ڈرون حملے ہوتے رہیں گے۔ اس پر ہم کوئی compromise کرنے کے لیے تیار نہیں ہیں۔ آخر میں یہی کہنا چاہوں گی کہ ہمارے ملک کو اللہ نے بہت سے وسائل سے مالا مال کیا ہے، صرف ہمیں نیک نیتی سے کام کرنے کی ضرورت ہے۔ اگر ہم کسی حد تک کرپشن کو روک لیں، جو ہمارے لیے ناسور ہے، جس نے ہماری ہر چیز کو دیمک کی طرح چاٹ لیا ہے۔ جب سے اسمبلیاں بنی ہیں، سینیٹ بنا ہے یہ بات میں پہلی بار کہہ رہی ہوں، مجھے افسوس بھی ہوتا ہے کہ اسمبلیوں کے سارے ممبران، سینیٹ اور صوبائی اسمبلیوں کے ممبران کب سے اسی مسئلے پر کام کر رہے ہیں۔ کمیشن کا مافیا جب تک ختم نہیں ہوگا ہمارے کام برے طریقے سے effect ہوتے رہیں گے۔ آپ کے ترقیاتی فنڈز کا بہت بڑا chunk کمیشن میں چلا جاتا ہے۔ آپ کے کاموں کا بیڑا غرق ہو جاتا ہے، لوگوں کو آپ یہ چیز کیسے سمجھائیں گے۔ عام آدمی کو کس طرح بتائیں گے، لوگوں کو تو یہ پتا ہے کہ یہ سینیٹر ہے، یہ ایم این اے ہے اس کو اتنا فنڈ ملا ہے۔ ان کو یہ نہیں پتا کہ یہ جو پراجیکٹس کے لیے ملا ہے اس میں سے اتنا پیسا کمیشن میں چلا جائے گا۔ اس سے ہمارے کام بہت effect ہوتے ہیں اسی لیے ہم دیکھتے ہیں کہ ہمیں کہیں بھی

improvement نظر نہیں آرہی اور ہم دیکھ رہے ہیں کہ دن بدن حالات خراب ہوتے جا رہے ہیں۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ، جی حاجی غلام علی صاحب۔

سینیٹر حاجی غلام علی: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ بہت شکریہ جناب چیئرمین۔ آج بجٹ پر کچھ باتیں کہنے کا آپ نے مجھے موقع دیا آپ کا بہت شکریہ۔ سب سے پہلے تو میں اس موجودہ جمہوری دور، جو اپنا پانچواں بجٹ مکمل کرنے کی طرف جا رہا ہے، اس کو جمہوریت اور جمہوری اداروں کی کامیابی قرار دیتا ہوں۔ اب وہ وقت چلا گیا کہ دو سال، ڈیڑھ سال بعد حکومتیں ختم کی جاتی تھیں اور اسمبلیوں کو تالے لگتے تھے اس کے لیے تمام سیاسی جماعتیں اور تمام ممبران مبارکباد کے مستحق ہیں۔

جناب چیئرمین! بجٹ ہر سال پیش کیا جاتا ہے، عوام کی نظریں بجٹ پر ہوتی ہیں، وہ سوچتے ہیں کہ بجٹ آرہا ہے اور ہمیں کوئی ریلیف ملے گا۔ آپ دیکھیں کہ اپنی سیاسی جدوجہد کے آغاز سے لے کر، تیس، پینتیس سال سے ہم یہ دیکھ رہے ہیں کہ ہر حکومت چاہے وفاقی ہو یا صوبائی وہ بڑے فخر سے ہر بجٹ میں کہتے ہیں کہ یہ ٹیکس فری بجٹ ہے۔ ہر سال ٹیکس فری بجٹ پیش کیا جاتا ہے۔ شادیانے بجائے جاتے ہیں لیکن جب بجٹ اسمبلیوں سے پاس ہو کر سڑکوں اور بازاروں تک جاتا ہے تو پھر ہر چیز آسمان سے باتیں کرنے لگتی ہے۔ میرے خیال میں ہمیں یہ روایات ترک کر دینی چاہییں کہ ہر وقت ہم کہیں کہ یہ ٹیکس فری بجٹ ہے اور ساتھ ساتھ مہنگائی بھی بڑھتی رہے اور سب کچھ ہوتا رہے۔ یہ عوام کے لیے اور ملک کے لیے بھی کچھ اچھی روایات نہیں ہوں گی۔ موجودہ بجٹ اگر آپ دیکھ لیں تو میں یہ کہتا ہوں کہ یہ بالکل الفاظ کا ہیر پھیر ہے۔ خوش نما الفاظ ڈھونڈے جاتے ہیں اور بجٹ کی کتاب میں تقریر کو خوبصورتی سے بنایا جاتا ہے کیونکہ جناب چیئرمین صاحب! بجٹ میں عوام کے لیے، غریبوں کے لیے، مہنگائی کے خاتمہ کے لیے کوئی ٹھوس اقدامات نہیں کیے گئے، آپ دیکھ لیں کہ اس وقت ملک کو مہنگائی، بے روزگاری، بدامنی، جیسے مسائل کا سامنا ہے لیکن اس کے ساتھ ساتھ 18 کروڑ عوام، بچے، بوڑھے، بہنیں، مائیں احتجاج کے لیے سڑکوں پر ہیں۔ چاہے وہ پیپلز پارٹی سے تعلق رکھتے ہوں چاہے وہ کسی اور جماعت سے تعلق رکھتے ہوں لیکن انرجی کے بحران نے سب کو جھنجوڑ کر رکھا ہوا ہے۔ انرجی کے بحران کی وجہ سے دن بدن بے روزگاری میں اضافہ ہو رہا ہے، daily wages پر کام

کرنے والے کارکن بے روزگار ہو رہے ہیں ان کے گھروں کے چولہے ٹھنڈے ہو رہے ہیں، یہ ملکی مسئلہ ہے اور 18 کروڑ عوام کا مسئلہ ہے۔

جناب چیئرمین صاحب! یہ آپ کا مسئلہ ہے، میرا مسئلہ ہے، ممبران کا مسئلہ ہے، سب پاکستانیوں کا مسئلہ ہے تو اس کے لیے ہم سب نے efforts کرنی ہیں لیکن حکومت نے اس کے لیے کوئی ٹھوس اقدام کرنے کی بجائے کوئی اقدام اٹھایا ہی نہیں ہے۔اس وقت مجھے افسوس سے کہنا پڑ رہا ہے کہ ہمارے ہاں کافی sites ایسی ہیں جہاں ہم انرجی کو generate کر سکتے ہیں لیکن اس کے لیے کچھ نہیں کیا گیا۔ آپ دیکھ لیں اللہ نے ہمیں پاکستان جیسا ملک دیا، دریا دیے، معدنیات، گیس اور پہاڑ دیے لیکن انرجی کا بحران ہم ختم نہیں کر سکے۔

جناب چیئرمین صاحب! اس وقت خیبر پختونخوا میں پیپلز پارٹی اور ANP کی coalition Government ہے۔ ٹھیک ہے جمہوری روایات کی وجہ سے لوگوں نے انہیں منتخب کیا ہے اور ہم اس کے حق میں ہیں کہ جمہوری حکومت اپنا tenure پورا کرے لیکن آپ بجٹ میں دیکھ لیں ہماری صوبائی حکومت بھی، وفاق سے اپنا حق لینے میں مکمل ناکام ہو چکی ہے اور وفاقی حکومت عوام کو حق دینے میں ناکام ہو چکی ہے۔ ہمارا منڈا ڈیم 750 میگاواٹ بجلی پیدا کر سکتا ہے اور ایک لاکھ ایکڑ سے زیادہ زمین سیراب کر سکتا ہے۔ لیکن اس کے لیے بجٹ میں ایک پیسا بھی نہیں رکھا گیا۔ دس سالوں سے ہم سن رہے ہیں کہ منڈا ڈیم ہے، منڈا ڈیم ہے لیکن منڈا ڈیم کے لیے ایک پیسا نہیں رکھا گیا پھر ہم کیسے قوم سے کہیں گے کہ ہم انرجی کا بحران حل کر سکتے ہیں۔ ہم کیسے کہیں گے کہ موجود حکومت یہ بحران ختم کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔

جناب چیئرمین! اس کے لیے رقم رکھنا ضروری ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ کرم تنگی ڈیم، گومل زام ڈیم، دیامر بھاشا ڈیم جیسے اہم منصوبوں کے لیے کاغذ سیاہ کرنے کے علاوہ آنے والے 50 سالوں میں شروع نہیں ہو سکتے۔ اس لیے کہ دیامر بھاشا ڈیم کے لیے چھ ارب روپے رکھے گئے ہیں اور آپ دیکھ لیں کہ اس پر خرچ ساڑھے گیارہ کھرب روپے ہے۔ لہذا جب خرچ ساڑھے گیارہ کھرب روپے ہو اور اس کے لیے چھ ارب روپیہ رکھا جائے تو یہ صرف کاغذ سیاہ کرنے اور قوم کو جھوٹے وعدے اور جھوٹی تسلیاں دینے کے علاوہ اور کچھ نہیں۔ ہم یہ نہیں کہتے کہ پیپلز پارٹی کی حکومت اس راستے پر جا رہی ہے، ہم یہ کہتے ہیں یہ مسئلہ اٹھارہ کروڑ عوام کا ہے۔ موجودہ حکومت جس کے ساتھ تمام سیاسی جماعتیں ہیں، تمام coalition partners ہیں۔ انرجی بحران کو حل کرنے کے لئے آپ جو بھی تعاون چاہتے ہیں اس میں پوری قوم اور

سیاسی جماتیں آپ کے ساتھ ہیں تو پھر ساڑھے گیارہ کھرب روپے کے منصوبے کے لیے کیوں چھ ارب رکھے جاتے ہیں۔ یہ چھ ارب روپے بھی ضائع کرنے والی بات ہے۔ اس طرح تو یہ ڈیم 190 سالوں میں بھی مکمل نہیں ہوگا۔ یہ ساڑھے گیارہ کھرب روپے بھی آج کے حساب سے ہیں جبکہ آنے والے دوسالوں میں شاید یہ ساڑھے بارہ یا ساڑھے پندرہ کھرب روپے ہوجائیں۔

جناب چیئرمین! دوسری طرف آپ تربیلا ڈیم کے توسیعی منصوبے کی طرف آئیں۔ اگر موجودہ حکومت اور ان کے اتحادی انرجی بحران کو حل کرنے میں مخلص ہوتے ، آپ دیکھیں کہ تربیلا توسیعی منصوبہ ساڑھے چودہ کھرب روپے کا ہے اور اس کے لیے سات ارب اسی کروڑ روپے رکھے گئے ہیں۔ یہ کس طرح complete ہوگا؟ سوال ہی پیدا نہیں ہوتا کہ اس طرح ہم موجودہ لائن میں پچاس میگاواٹ بجلی بھی مزید ڈال سکیں۔ اس لیے میری گزارش ہے کہ ان منصوبوں کے لئے رقم مختص کی جائے۔ ہمارے صوبے خیبر پختونخوا اور پھر خاص طور پر ڈی آئی خان کا area جہاں لاکھوں ایکڑ اراضی بنجر پڑی ہوئی ہے، پیپلز پارٹی کی موجودہ حکومت ہر سال یہ اعلانات کرتی ہے کہ ہم چشمہ لیفٹ، رائٹ بینک کینال نمبر ایک پر کام شروع کریں گے۔ پچھلے سال بھی اس کے لئے دس کروڑ روپے رکھے گئے۔ یہ اہم منصوبہ ہے اور اس پر رقم کتنی خرچ ہو گی؟ ستر ارب روپے خرچ ہو گی۔ اس کا مطلب ہے کہ اس کو مکمل ہونے کے لئے سات سو سال کی ضرورت ہے۔ سات سو سال میں یہ منصوبہ مکمل ہوگا۔

جناب چیئرمین! ہم یہ مطالبہ کرتے ہیں کہ اگر چشمہ لیفٹ، رائٹ بنک کینال نمبر ایک پر کام شروع کیا جائے تو ہم گندم میں الحمدللہ خود کفیل ہیں لیکن پورے پاکستان کی گندم اس علاقے میں پیدا ہو گی اور اس علاقے کے غریب لوگوں کی غریبی ختم ہوجائے گی، وہاں بے روزگاری ختم ہوجائے گی اور ہمارا صوبہ خوشحال اور خود کفیل ہوگا۔ لوگ کہتے ہیں کہ بلوچستان کے ساتھ زیادتی ہو رہی ہے، کچھ کہتے ہیں سندھ کے ساتھ زیادتی ہو رہی ہے۔ پنجاب حکومت کہتی ہے کہ پنجاب کے ساتھ زیادتی ہو رہی ہے۔ بالکل ہو گی اس میں کوئی شک نہیں لیکن ہم جو ان منصوبوں کے لیے بات کرتے ہیں تو صرف اس لیے کہ یہ صرف خیبر پختونخوا کے لئے نہیں ہیں کیونکہ خیبر پختونخوا کو اللہ تعالیٰ نے یہ دولت دی ہے کہ آپ اس کو بنا کر پورے پاکستان کی مشکلات حل کردیں لیکن افسوس یہ ہے کہ جب صوبے میں MMA کی حکومت تھی اس وقت پہلی بار وفاق سے ایک سو دس ارب روپے بجلی کی رائلٹی منظور کی گئی اور اس وقت ہمارے وزیر اعلیٰ اکرم خان درانی نے یہ اعلان کیا تھا کہ اس رقم سے اس منصوبے پر ستر ارب روپے ہم خرچ کریں گے تاکہ ہم اپنے صوبے کو ترقی کی راہ پر گامزن کریں۔ اپنے صوبے کے حقوق کے

لئے ہم اپنی صوبائی حکومت کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں لیکن آج تک اس کے لئے کوئی رقم حاصل ہوئی ہے اور نہ ہی وفاق کی طرف سے بجلی کی مد میں اضافہ کیا گیا ہے اور نہ یہاں پر ان ایک سو دس ارب روپوں میں سے کچھ خرچ کیا گیا ہے۔ اس لئے یہ منصوبہ بھی سات سو سالوں میں مکمل ہوتا نظر نہیں آتا۔ حکومت کی عوام کے ساتھ اورKPK کی صوبائی حکومت کی صوبے کے ساتھ اس سے بڑی زیادتی نہیں ہوسکتی۔

جناب چیئرمین! اسی طرح ناردرن بائی پاس جو بہت بڑا اوراہم منصوبہ ہے اور یہ افغانستان اور وسطی ایشیا تک رسائی کا منصوبہ ہے، یہ 32ارب روپے کا منصوبہ ہے۔ اس کے لئے پانچ ارب روپے پچھلے سال بھی مختص کیے گئے تھے مگر کچھ نہیں ہوا۔ اس سال بھی پانچ ارب روپے رکھے گئے ہیں جبکہ پانچ ارب روپے سے تو یہ شروع بھی نہیں ہوسکتا۔ جب شروع نہیں ہوگا تو پانچ ارب روپے ایسے ہی بجٹ میں رکھے گئے ہوں گے اور پھر ہر سال جون کے بعد lapse ہوجائیں گے۔ اس لیے ہم کہتے ہیں کہ اس اہم منصوبے کے لیے کم از کم رقم پچاس فیصد رکھی جائے تاکہ یہ منصوبہ شروع بھی کیا جاسکے اور مکمل بھی ہوسکے۔ ہمارا صوبہ communication کے لحاظ سے انتہائی پسماندہ ہے۔اب ٹانک سے ڈی آئی خان اور ڈی آئی خان سے ژوب تک اس اہم شاہراہ کے لیے کوئی رقم نہیں رکھی گئی۔ لوگ تین گھنٹوں کا فاصلہ پندرہ سولہ گھنٹوں میں طے کرتے ہیں لیکن حکومت اس اہم منصوبے کے لیے بھی پیسے نہیں دے رہی۔ حکومت نے بڑا دعویٰ کیا ہے۔ بہت بڑے اشتہارات اور بیانات دیے ہیں کہ ہم ایک لاکھ آدمیوں کو روزگار دیں گے۔ میں آج اس ایوان اور آپ کی وساطت سے حکومت اور قوم کو یہ بتا دینا چاہتا ہوں کہ ایک لاکھ آدمی نہیں، اس سے دس لاکھ آدمی بے روزگار ہوں گے۔ جب انرجی کا بحران ہوگا، انڈسٹری بند ہوگی، تجارت نہیں ہوگی، آمدورفت نہیں ہوگی تو پھر دس لاکھ آدمی بے روزگار ہوں گے تو ہم ایک لاکھ آدمیوں کے روزگار کا ڈھنڈورا پیٹ کر قوم کو کیا پیغام دیں گے۔ اس لیے ہم یہ کہتے ہیں کہ اس بجٹ میں پاکستان میں صنعتوں کے فروغ کے لیے، ٹریڈ کے فروغ کے لیے اس میں کوئی چھوٹ نہیں دی گئی۔ بینک لوگوں کو پرائیویٹ قرضے میں ایک روپیہ نہیں دیتا کیونکہ حکومت اچھی ضمانت کے ساتھ ہر روز بینکوں سے قرضے لیتی ہے اور پرائیویٹ سیکٹر زمین بوس ہو رہا ہے۔ انڈسٹری زمین بوس ہو رہی ہے۔ پاکستان انڈسٹری کا قبرستان بنتا جارہا ہے لیکن ہمیں اس کی فکر نہیں۔ اس ملک میں بے روزگاری کے خاتمے کے لیے جو لوگ بہت بڑا role ادا کرتے ہیں، حکومت ان کی مشکلات دور کرنے میں ناکام ہوچکی ہے۔ اسی طرح خیبر پختونخوا کو دہشت گردی کا سامنا ہے۔ فاٹا کو بے انتہا دہشت گردی کا سامنا ہے۔ امریکہ آئے روز ڈرون حملے کر رہا ہے اور ہر روز بم دھماکے ہو رہے ہیں۔ اس حکومت نے فاٹا کو

تباہ و برباد کر کے رکھ دیا ہے۔ فاٹا میں چند صنعتیں ہیں۔ مجھے افسوس ہے کہ آج بھی کوئی وزیر یہاں نہیں ہے۔ وزیر خزانہ یہاں نہیں ہیں کہ میں اس کو بتا سکوں کہ فاٹا میں پانچ چھ صنعتیں ہیں۔ فاٹا کی صنعتیں لاہور، پشاور اور کراچی کے ٹیکس کے برابر لانے سے بند ہو چکی ہیں۔ یہ کس طرح دعویٰ کرتے ہیں؟ یہ بجٹ تقریر کے صفحہ ۱۵ پر کہتے ہیں کہ فاٹا کے عوام انتہائی سخت اور پسماندہ زندگی گزار رہے ہیں۔ میں ان سے پوچھتا ہوں کہ آپ نے فاٹا کے ترقیاتی کاموں کے لیے سولہ ارب روپے رکھے ہیں۔ ٹھیک ہے لیکن آپ کو چاہیے تھا کہ آپ ایک ارب روپے صنعتوں اور تجارت کے فروغ کے لیے رکھتے۔ آج تک فاٹا میں سیلز ٹیکس میں چھوٹ تھی تا کہ لوگ وہاں جائیں اور صنعتیں لگائیں۔ ان کو پندرہ فیصد چھوٹ تھی لیکن آج یہاں تک بات پہنچ چکی ہے کہ سولہ فیصد سیلز ٹیکس، ڈیوٹیاں، باقی ٹیکس فاٹا بھی دیتا ہے اور پاکستان کی دیگر صنعتیں بھی دیتی ہیں لیکن فاٹا کو صرف سیلز ٹیکس کی چھوٹ تھی۔ اس وجہ سے وہاں پر دس بارہ کارخانے چل رہے تھے۔ جب انہوں نے فاٹا تک سیلز ٹیکس پھیلا دیا تو وزیر خزانہ جواب دیں۔ میں ان سے ملا تھا۔ حاجی عدیل صاحب ملے تھے۔ ہم نے کہا تھا کہ فاٹا آپ کو ساڑھے سات ارب روپے ڈیوٹی دیتا ہے۔ آپ نے ساڑھے سات ارب روپے کی ڈیوٹی کا نقصان کر دیا۔ اس لیے کہ آپ نے وہاں پر سولہ فیصد سیلز ٹیکس نافذ کر دیا۔ ستم ظریفی دیکھیں، وزیر خزانہ کے سامنے ایف بی آر کے چیئرمین نے یہ مان لیا کہ ہاں! پچاس کروڑ روپے کی ریلیف سے ساڑھے سات ارب روپے کا نقصان ہو رہا ہے۔ وہ کارخانے جو ساڑھے سات ارب روپے ڈیوٹی دیتے تھے، آج وہ بند ہیں۔ ہمارے دیگر لوگ وہاں کارخانے چلا کر افغانستان کو وہ چیزیں بیچتے ہیں اور تمام مال واپس افغانستان سے آتا ہے جس سے ساڑھے سات ارب روپے کا نقصان ہوتا ہے۔ چیئرمین سی بی آر کو بلائیں، وہ اقرار کریں گے کہ ہاں! پچاس کروڑ روپے کی وصولی سے ہمیں ساڑھے سات ارب روپے کا نقصان ہوا ہے اور کارخانے بند ہیں۔ جب فاٹا کے لوگوں پر بم برسائے جا رہے ہیں، میزائل مارے جا رہے ہیں، ڈرون حملے ہو رہے ہیں، ان کے تحفظ کا کون ذمے دار ہے۔ حکومت ذمے دار ہے۔ جب آپ ان کے تحفظ کی بھی ذمے داری نہیں لیتے، جب آپ ان کو سیلز ٹیکس میں چھوٹ بھی نہیں دیتے، جب آپ ان کے کارخانے بھی چلنے نہیں دیتے، جب آپ ان کو مراعات بھی نہیں دیتے، جب آپ نے آج تک فاٹا میں ایک روپے کا قرض نہیں دیا کیونکہ وہاں پر قانون لاگو نہیں ہے تو پھر آپ کس طرح سے یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ فاٹا کے عوام کی بہتری کے لیے ہم اقدامات کر رہے ہیں۔ ہم کالج بنا رہے ہیں۔ جب تک آپ فاٹا کی انڈسٹری کو چھوٹ نہیں دیں گے، بے روزگاری کے لئے اقدامات نہیں کریں گے، یاد رکھیں اس کا بچہ بچہ اپنے ساتھ بم باندھ کر ہر جگہ پر

حملہ کرے گا کیونکہ ان کے سامنے پانچ بہنوں کی شادی ہوتی ہے۔آج جو اتنے خود کش حملہ آور تیار ہو رہے ہیں، آپ نے کتنے سر دیکھے ہیں۔ جب جاتے ہیں تو کہتے ہیں کہ بارہ سال کا پانچ بہنوں کا بھائی تھا۔ جناب چیئرمین! حکومت کو یہ بتا دیں، کہ فاٹا تاجروں، صنعت کاروں اور خیبر پختونخوا کو ٹیکس میں کچھ نہ کچھ ریلیف دینا ہو گا۔ اگر آپ اسے ریلیف نہیں دیں گے تو اس سے یہ بات واضح ہو جائے گی کہ آپ دہشت گردی سے متاثر صوبہ خیبر پختونخوا اور قبائلی علاقہ جات کو اس کا حق نہیں دے رہے اور جب حق نہیں دیں گے تو آج بلوچستان میں آزادی کی آوازیں اٹھ رہی ہیں، کل خیبر پختونخوا اور قبائلی علاقہ جات میں آوازیں اٹھیں گی اور پھر ہمارے ہاتھ سے معاملہ نکل چکا ہو گا۔ جناب چیئرمین! آپ نے بجٹ میں ریلوے کے لیے تئیس ارب روپے رکھے ہیں۔ ریلوے پہلے ہی تباہ ہو رہی ہے۔ ریلوے پہلے ہی کرپشن کی نذر ہو چکی ہے۔ ایک دن اخبار میں دو سرخیاں لگی تھیں۔ ایک یہ تھی کہ ریلوے کرپشن کی وجہ سے نہیں ڈوبی۔ وفاقی وزیر اس کے ساتھ ایکسپریس اخبار کی دوسری سرخی یہ تھی، میرے پاس اس کا تراشا موجود ہے، کہ ساڑھے چھ سو ٹن پٹڑی مصری شاہ میں فروخت ہوئی، جو پکڑی گئی ہے۔ ساڑھے چھ سو ٹن پٹڑی یہاں سے لے کر طورخم تک بچھائی ہوئی پٹڑی ہے یہ کس طرح اٹھائی گئی۔ یہ کس طرح بیچی گئی۔ یہ ملک کس طرف جا رہا ہے۔ جب مصری شاہ میں ریلوے ٹریک بکے گا اور ٹنوں کے حساب سے بکے گا، اس کو ہم تئیس ارب روپے دے کر پاکستانی قوم کا مزید خون نچوڑیں گے۔ اس لیے ہم کہتے ہیں کہ پہلے ریلوے کا ڈھانچہ درست کیا جائے۔ جناب! ان منصوبوں میں private sector کو شریک کیا جائے اور پھر یہ پیسے دیے جائیں تاکہ عوام کو سہولت مہیا ہو سکے۔ ریلوے دن بدن تباہ ہو رہی ہے۔آپ ان منصوبوں کے لیے پیسے رکھتے ہیں، جن پر پہلے الزامات ہیں کہ یہ کرپشن کی نذر ہوتے ہیں۔ یہ کمیشن کی نذر ہوتے ہیں۔ اس لیے آپ نالیوں اور سڑکوں کی سیاست کرتے ہیں۔آپ نالیوں اور سڑکوں کے لیے پیسے رکھتے ہیں۔آپ منڈا ڈیم، کرم تنگی ڈیم، دیامر بھاشا ڈیم اور تربیلہ توسیع منصوبوں کے لیے اس لیے پیسے نہیں رکھتے کہ یہ بہت لمبے منصوبے ہیں، ان میں کمیشن نہیں ملے گی۔ جناب چیئرمین! میں یہ تجویز پیش کرنا چاہتا ہوں کہ ہمارے خیبر پختونخوا کے ٹریڈرز کو بلا سود پانچ سال کے لیے قرضے دیے جائیں۔ ان سے تین چار سال کے لیے ضمانتیں لی جائیں اور دوسری یہ کہ فاٹا کو سیلز ٹیکس سے مستثنیٰ کیا جائے جو چودہ اگست 1947 سے لے کر اس حکومت سے پہلے تک برقرار تھا۔ FBR والے مختلف حربے استعمال کرتے ہیں۔ جب یہاں یہ قانون نہیں ہے تو کہتے ہیں کہ ہم نے sales tax ختم کر دیا ہے اور اس کو Central Excise Duty کا نام دے دیتے ہیں۔ قتل کرنا ہے تو چھری سے کرو یا گولی مار دو۔آپ

